صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

اسمبلی کاروائی

ترجیح اول

بخدمت:-

متعمد

حکومت خیبر پختونخوا

محکمہ قانون و پارلیمانی امور

نمبر 12806-09 مورخہ 20/3/14

موضوع:- **قرارداد**

جناب عالی!

صوبائی اسمبلی کے قواعد انضباط وطریقہ کار مجریہ 1988 کے قاعدہ 127 کے تحت جناب / محترمہ روحانہ اسماعیل صاحبہ ایم پی اے کی ارسال کردہ قرارداد نمبر 157 کی تین پرتی نقول ارسال خدمت ہیں۔

یہ قرارداد صوبائی اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں مناسب وقت پر حسب قواعد پیش کی جائے گی آپ اس سلسلے میں وزیر صاحب متعلقہ کو اپنی رائے سے آگاہ کریں۔ اسمبلی سیکرٹریٹ کو اس موقع پر تحریری جواب ارسال کرنے کی ضرورت نہیں۔

آپ کا مخلص

اسسٹنٹ سیکرٹری

صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

نمبر و تاریخ محولہ بالا:-

نقول بغرض اطلاع و ضروری کاروائی بخدمت:-

1- جناب / محترمہ روحانہ اسماعیل صاحبہ رکن صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا۔
2- پرائیویٹ سیکرٹری برائے وزیر قانون و پارلیمانی امور
3- پرائیویٹ سیکرٹری برائے وزیر قانون۔

اسسٹنٹ سیکرٹری

صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

قرارداد نمبر: 157

منجانب:۔ محترمہ ریحانہ اسماعیل رکن صوبائی اسمبلی خیبر پختونخواہ

جیسا کہ ملک خداداد کی بنیادیں ایک نظریہ پر قائم ہیں اور نظریہ لاالہ الااللہ کا ہے یعنی اس سرزمین پر اللہ کا نظام ہوگا۔ مگر اب اس نظرئے اور نظام کو خطرہ لاحق ہونے لگا ہے اور کچھ پوشیدہ اور درپردہ قوتیں ہمارے خاندانی نظام اور سماجی روایات کو پاش پاش کرنے کے لئے اپنی کو ششیں تیز کرچکی ہیں۔ جس کا عملی مظاہرہ 8مارچ2019 کو مختلف بڑے شہروں میں وومن ڈے پر ہو چکا ہے، سول سوسائٹی کے نام پر جو عورتیں جن نعروں، پلے کارڈز اور جن بے ہودہ مطالبات کے ساتھ سڑکوں پر وارد ہوئیں، یہ سب کچھ انتہائی ہوشربا اور انتہائی خطرہ کی علامت ہے اور اس سے بڑھ کر خطرناک بات ہمارے میڈیا کا ان سے مل جانا ہے اس انتہائی بے شرمی اور غیر شرعی مطالبات کے مظاہروں پر حکومت کی چھپ اور میڈیا کی خاموشی انتہائی غیر ذمہ داری اور مجرمانہ طرز عمل کا مظاہرہ ہے۔

لہٰذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ حکومت ان درپردہ قوتوں کو سامنے لاکر ان سازشوں کا قلع قمع کرے اور آئندہ کے لئے لائحہ عمل طے کرے تاکہ آئندہ کوئی اسلام دشمن ملک اور نظرئے کی بنیادیں کھوکھلا کرنے کی جرأت نہ کرسکے۔